Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | منگل 30 دسمبر 2025ء، 9 رجب المرجب 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 261

پنجاب اسمبلی کوئی چوراہا نہیں تھا جہاں جو چاہے گھس جائے، عظمیٰ بخاری

سہیل آفریدی کے ساتھ جو لوگ پنجاب اسمبلی آئے ، انہوں نے توڑ پھوڑ کی، پنجاب حکومت اگر کوئی کارروائی کرتی تو کہا جاتا مہمانوں کی توہین کی گئی

پنجاب حکومت بلدیاتی الیکشن کیلئے تیار ہے، انتخابات کی تاریخ کا انتظار کر رہے ہیں، "یہ لوگ انسانوں کی طرح سیاسی سرگرمیاں کیوں نہیں کر سکتے؟" صوبائی وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وہ بلدیاتی انتخابات کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں اور صرف انتخابات کی تاریخ کے اعلان کا انتظار ہے ۔جیو نیوز کے پروگرام جیو پاکستان میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پنجاب کے تمام انتخابات سسٹم فیل نہ ہونے پائیں اور وہ چاہتے ہیں کہ بلدیاتی انتخابات جلد از جلد ہوں تاکہ عوام کو ان کی حقیقی (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی کی افطار تقریب میں مہمانوں اور شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

سال 2025 آئیسکو نے تمام شعبوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا

حکومت پاکستان اور وزارت توانائی کے وژن اور مقرر کردہ ٹارگٹ پر 100 فیصد عمل یقینی بنایا

بجلی چوروں کو 5 کروڑ سے زائد کے جرمانے عائد کئے، چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو سے توانائی کے شعبے میں اصلاحات اور ڈسٹری بیوشن کے نفاذ کے لئے دی جانے والی ہدایات اور ریفارمز پر عمل (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آئیسکو مینجمنٹ نے سال 2025 کے دوران حکومت پاکستان اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی جانب

کمسن لڑکی کو خودکش بمبار بننے سے بچا لیا گیا

قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بروقت اور موثر کارروائی سے بچی کی جان بچائی گئی

کراچی: (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ایک کم عمر بلوچ بچی کو خودکش حملے کے منصوبے سے بچا لیا۔ وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے ایڈیشنل آئی جی سی (بقیہ نمبر 4)

سال 2025 معاشی بحران میں مہنگائی کی شرح مجموعی طور پر کم رہی

مہنگائی کی شرح سال کے آخر میں خوراک کی قیمتوں میں اضافے سے 6 فیصد کے قریب پہنچ گئی ،ادارہ شماریات

کراچی (این این آئی) سال 2025 میں پاکستان کی معاشی صورتحال میں مہنگائی کی شرح مجموعی طور پر کم رہی، نیگیں سال کے آخر میں خوراک کی قیمتوں میں اضافے سے 6 فیصد کے قریب پہنچ گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق (بقیہ نمبر 4)

پنجاب میں 16 لاکھ لوگ ان پڑھ ضلع قصور سرفہرست

محکمہ خواندگی و غیر رسمی بنیادی تعلیم بند کرنے کے بجائے اسے بڑھایا جائے ،رکن اسمبلی احسن رضا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں 16 لاکھ لوگ ان پڑھ ہیں جبکہ ضلع قصور سرفہرست ہے۔ پنجاب اسمبلی اجلاس میں رکن اسمبلی احسن رضا نے انکشاف کیا ہے جو سال الطالبا کر ضلع قصور میں سب سے زیادہ ان پڑھ لوگ ہیں ان کو بنیادی (بقیہ نمبر 42)

نوجوانوں پر کی جانے والی سرمایہ کاری دراصل پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، وزیر اعظم

نوجوانوں کو بااختیار بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے

وزیر اعظم شہباز شریف ملک کے نوجوانوں کیلئے دن رات محنت کر رہے ہیں ، نوجوانوں کو بااختیار بنانا ان کی حکومت کی اولین ترجیح ہے، شہباز شریف بغیر میرٹ لیپ ٹاپ دینے کا کوئی ایک بھی کیس ثابت کر دے تو وہ سیاست چھوڑنے کے لیے تیار ہیں، وفاقی وزیر کا تقریب سے خطاب

چکدرہ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان اور سیاحت و صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ نوجوانوں پر کی جانے والی سرمایہ کاری دراصل پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، وزیر اعظم شہباز شریف ملک کے نوجوانوں کیلئے دن رات محنت کر رہے ہیں ، نوجوانوں کو بااختیار بنانا ان کی حکومت کی اولین ترجیح ہے، لیپ ٹاپ سکیم عملی طور پر میرٹ اور شفافیت پر مبنی ہے، بغیر میرٹ لیپ ٹاپ دینے کا کوئی ایک بھی کیس ثابت کر دے تو وہ سیاست چھوڑنے کے لیے تیار ہیں۔ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف پی ٹی آئی عمران خان کے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: قائد اعظم محمد علی جناح کے 149 ویں یوم پیدائش کے موقع پر ایوان صدر میں منعقدہ تقریب میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی دیگر معززین کے ہمراہ ایک کیک کاٹ رہے ہیں

ایم ڈیک سینٹرز پر شہریوں کی بڑی تعداد کے پیش نظر اضافی عملہ تعینات

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں ایم ڈیک سینٹرز پر شہریوں کی بڑی تعداد کے پیش نظر اضافی عملہ تعینات کر دیا گیا ،گزشتہ ایک روز کے دوران 1 ہزار 379 گاڑیوں (بقیہ نمبر 34)

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کا سابق قائم حزب اختلاف عامر ڈوگر کو خط

زیر التوا مقدمات بارے تفصیلات فراہم کرنے کی درخواست

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ہدایت پر اسمبلی سیکرٹریٹ نے چیف وہپ حزب اختلاف ملک عامر ڈوگر کو خط ارسال کیا گیا ہے جس میں سابق قائم حزب اختلاف سے متعلق عدالتوں میں زیر التوا مقدمات کی موجودہ صورتحال (بقیہ نمبر 33)

عوام کی سہولت کا ایک اور بڑا منصوبہ ریکارڈ مدت میں مکمل

وزیر داخلہ محسن نقوی کا شاہین چوک انڈر پاس کا دورہ، 31 دسمبر تک ٹریفک کے لئے کھولنے کا اعلان

شاہین چوک انڈر پاس سے ٹریفک کا دیرینہ مسئلہ مستقل طور پر حل ،ہوگا شہریوں کو آمد و رفت میں بے پناہ آسانی ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) عوام کی سہولت کا ایک اور بڑا منصوبہ ریکارڈ مدت میں مکمل ہو گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آج شاہین چوک انڈر پاس کا دورہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نسائت پر فنکشن ورک کا معائنہ کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کارپٹک ورک کا مشاہدہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے پراجیکٹ کے اطراف بارنجھو ولینڈ سٹیچک کا جائزہ لیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے (بقیہ نمبر 5)

لاہور: اینکر ملک محمد خان جناب اسمبلی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

معصوم بچی کے مبینہ زیادتی کے بعد قتل کا اندوہناک واقعہ

چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ کا سخت نوٹس

لاہور (این ای این) جڑانوالہ کے علاقے تھانہ روڈالہ، چک نمبر 368 گ ب میں پانچ سالہ معصوم بچی کے ساتھ مبینہ زیادتی کے بعد قتل کا نہایت افسوسناک اور (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد؛ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی 149 ویں یوم ایوان صدر میں منعقدہ تقریب سے گلیڈی خطاب کر رہے ہیں

وزیر اعظم آزاد کشمیر بننے پر فیصل ممتاز راٹھور کو مبارکباد پیش

وزیر اعظم آزاد کشمیر فیصل راٹھور بینظیر بھٹو شہید کے افکار کی روشنی میں عوامی فلاح کے مشن پر گامزن ہیں، معروف کاروباری شخصیت چوہدری عبدالمجید

پیپلز پارٹی کا نظریہ آج بھی زندہ ہے جسکی وجہ سے عوام آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی پر اپنا تن، من، دھن قربان کرنے کے لیئے تیار ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، سابق سیکریٹری جنرل PPP لینڈ بریگیڈیئر محترم عطیبل سائسن نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں چیئرمین بھٹو شہید سید یوسف رضا گیلانی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور امریکہ کے دوطرفہ تعلقات، خطے کی تازہ صورتحال اور پارلیمانی (بقیہ نمبر 7)

جنوبی میکسیکو میں ٹرین پٹری سے اتر گئی، 13 افراد ہلاک، متعدد زخمی

میکسیکو: (اے ایف پی) جنوبی میکسیکو میں ٹرین کے پٹری سے اترنے کے افسوسناک حادثے میں کم از کم 13 افراد ہلاک جبکہ متعدد زخمی ہو گئے ۔خبر ایجنسی کے (بقیہ نمبر 5)

ڈور پھرنے سے شدید زخمی 2 سالہ زینب کی جناح ہسپتال میں سرجری

لاہور (این این آئی) ماناوالہ میں ڈور پھرنے سے شدید زخمی 2 سالہ زینب کی جناح ہسپتال میں سرجری کی گئی۔ ڈور پھرنے سے زینب کے چہرے کی دائیں جانب پوری کٹ گئی تھی۔ سرجری کے دوران فیشل نرو کی تمام شاخیں محفوظ رہیں۔ ڈاکٹروں کے مطابق معائنے میں چہرے کے اعصاب کو کوئی (بقیہ نمبر 6)

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد شیخوپورہ میں خواتین کے مسائل سن رہی ہیں

سینیٹر روبینہ خالد کا شیخوپورہ میں گورنمنٹ جامعہ مائی سکول کیمپ سپائٹ کا دورہ

سوشل پروٹیکشن والٹ کیلئے مفت سموں کی فراہمی کے عمل کا جائزہ، مستحق خواتین کو سوشل پروٹیکشن والٹ کے استعمال سموں کے تحفظ اور کسٹومر کیئر کی شکایات درج کرانے کی تلقین؛ مجلسے کو خواتین کی مکمل رہنمائی اور مسائل کا فوری ازالہ کرنے کی ہدایت

شیخوپورہ (نمائندہ عوامی للکار) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، سینیٹر روبینہ خالد نے آج شیخوپورہ میں مائی سکول کیمپ سائٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مستحق خواتین کو سوشل پروٹیکشن والٹ کے لیے مفت سموں کی فراہمی کے عمل کا جائزہ لیا۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے خواتین کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ سوشل پروٹیکشن والٹ کے لیے فراہم کی جانے والی سم بالکل مفت (بقیہ نمبر 35)

کم آمدن افراد کیلئے گھروں کی تعمیر کا منصوبہ شروع

ورلڈ بینک کے اشتراک سے پنجاب میں 25 اضلاع کے 35 مقامات پر گھروں کی تعمیر کا آغاز ہوگا' بریفنگ

25 اضلاع میں ادھائی ہے 3 مرلہ سرکاری اراضی پر 37 ہزار سے زائد گھروں کی تعمیر ممکن ہوگی' وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین

لاہور (این ای این) وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر کم آمدن افراد کیلئے گھروں کی فراہمی کے ایک اور منصوبے کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کو پنجاب افورڈ ایبل ہاؤسنگ کے ہرا بجیٹ ڈائریکٹر عمران علی سلطان نے منصوبے پر بریفنگ دی۔ اڑھائی سے 3 مرلہ سرکاری اراضی پر 37 ہزار سے زائد گھروں کی تعمیر ممکن ہوگی۔ ورلڈ بینک کے اشتراک سے پنجاب میں 25 اضلاع (بقیہ نمبر 37)

امریکی سیاسی کونسلر شیلی ساسکن کی یوسف رضا گیلانی سے ملاقات

پارلیمانی تعاون کے فروغ کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) امریکہ کی سیاسی کونسلر محترمہ شیلی ساسکن نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پارلیمانی تعاون کے فروغ کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ (این این آئی) دوسری طرف خیبر پختونخوا کے سینیئر وزیر نے کہا ہے کہ جناب حکومت اختلافی ذہنی پستی کی شکار، رویہ غیر جمہوری اور قابل (بقیہ نمبر 9)

وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان اور سطر ان انجینئر امیر مقام پریس ٹمفرز یوتھ لیپ ٹاپ سکیم کے تحت پونجوری آف ملاکنڈ کے طلبا میں لیپ ٹاپ تقسیم کر رہے ہیں

موسمی خرابی کے باعث لاہور کا فلائٹ آپریشن شدید متاثر

6 پروازوں کی اسلام آباد ایئرپورٹ پر لینڈنگ کروائی گئی

لاہور اسلام آباد (این این آئی) موسمی خرابی کے باعث لاہور کا فلائٹ آپریشن شدید متاثر ہونے کے باعث 6 پروازوں کی اسلام آباد ایئرپورٹ پر لینڈنگ کروائی گئی ہے۔ ایئرپورٹ حکام کے مطابق لاہور ایئرپورٹ پر رات 2 سے صبح 6 بجے تک حد نگاہ محدود (بقیہ نمبر 8)

پنجاب حکومت اخلاقی و ذہنی پستی کی شکار، رویہ غیر جمہوری ہے

پنجاب حکومت کا رویہ غیر جمہوری اور قابل مذمت ہے، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) دوسری طرف خیبر پختونخوا کے سینیئر وزیر نے کہا ہے کہ جناب حکومت اختلافی ذہنی پستی کی شکار، رویہ غیر جمہوری اور قابل مذمت ہے۔ صوبائی کابینہ اجلاس سے خطاب میں سہیل آفریدی نے جناب کے 3 روزہ دورے کے دوران (بقیہ نمبر 9)

پاک امریکا تعلقات، ملزم شریف اللہ کی حوالگی ٹرمپ کا ہوائٹ ہاؤس بنی

اسلام آباد (این این آئی) اپنی گیٹ حملے کے ملزم شریف اللہ کی حوالگی پر امریکا نے پاکستان سے تعاون کا بڑا فرنٹ پوائنٹ بنی۔ امریکی کانگریس سے خطاب میں صدر ٹرمپ نے دہشت گردی کے خلاف عملی تعاون پر پاکستان کا (بقیہ نمبر 9)

حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

ٹرکوں کیلئے سخت پالیسی اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، وزیر اعلیٰ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے نکاح صاحبہ کے قریب حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 40)

منشیات فروشوں کے خلاف پنجاب پولیس کی کارکردگی رپورٹ جاری

پنجاب میں تعلیمی اداروں کے گرد منشیات کے خاتمے کیلئے اینٹی ہنس ہیڈ آپریشنز مزید تیز کرنے کا فیصلہ

سال 2025 میں ایک لاکھ 15 ہزار سے زائد چھاپے، 76 ہزار ملزمان گرفتار اور بھاری مقدار میں منشیات برآمد

لاہور (این این آئی) سال 2025ء میں منشیات فروشوں کے خلاف پنجاب پولیس کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ڈرگ فری پنجاب وژن کے تحت پنجاب پولیس کے انسداد منشیات آپریشنز سال 2025ء کے دوران صوبہ بھر میں بلا تعطل جاری رہے۔ منشیات فروشوں اور سمگلرز کے خلاف بھرپور اور مؤثر کارروائیاں کی گئیں۔ ترجمان پنجاب (بقیہ نمبر 6)

این سی سی آئی اے کا سائبر کرائمز کے خلاف بڑی کامیابیوں کا اعلان

2025ء میں 2196 بڑے سائبر کرائم کیسز کی تحقیقات مکمل کی گئیں؛ رپورٹ

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) نیشنل سائبر کرائمز انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے سائبر کرائم کے خلاف بڑی کامیابیوں کا اعلان کیا ہے۔ 2025ء میں 2196 بڑے سائبر کرائم کیسز کی تحقیقات مکمل کی گئیں، جن میں 2902 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ 774 کیسز میں سزائیں دلوائی گئیں۔ سالانہ رپورٹ (بقیہ نمبر 7)

بیوی سے زبردستی غیر فطری تعلق کے ملزم کی بحیثیت جج حلف برداری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بیوی سے زبردستی غیر فطری جنسی تعلقات قائم کرنے اور نازیبا ویڈیوز بنانے کے ملزم کی بحیثیت جج حلف کنفرم کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق ندیم کے ملزم عون محمد (بقیہ نمبر 8)

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے امیدواران برائے پارٹی کونسلرز نے ڈاکٹر سید مرتضیٰ گیلانی کی قیادت میں

شہید خبیب میموریل کرکٹ ٹورنامنٹ کے تحت کرکٹ میچ کا انعقاد

اس موقع پر پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ مصروفیات کے باعث شرکت نہ کر سکے

ڈاکٹر سید مرتضیٰ گیلانی نے جبیر مین پاکستان عوامی قوت پارٹی کی ہدایات پر کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے معلقین ایے 48 کی پوئی 63 ماٹاؤن میں پاکستان عوامی قوت پارٹی کے امیدواران برائے پارٹی کونسلرز نے ڈاکٹر سید مرتضیٰ گیلانی کی قیادت میں شہید خبیب میموریل کرکٹ ٹورنامنٹ کے تحت ایک کرکٹ میچ کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ مصروفیات کے باعث شرکت نہ کر سکے ،تاہم پارٹی قیادت کی نمائندگی کرتے ہوئے سراب لطیف بٹ، اتفاق احمد حیدری اور امیدوار جنرل کونسلر یوسی تلاڑی ڈاکٹر (بقیہ نمبر 9)

ڈاکٹر سید مرتضیٰ گیلانی جبیر مین پاکستان عوامی قوت پارٹی کی ہدایات پر کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

تونسہ خانہ ٹوکیس، پی ٹی آئی اور اہلیہ کی سزا کے خلاف اپیلیں دائر

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی نے تونسہ خانہ ٹوکیس میں اپیلیں دائر کر دی ہیں۔ جج ہمایوں دلاور نے سزا سنائی تھی 17، 17 سال قید کی سزا کیس کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ میں اپیلیں دائر کر دی۔ اپیلوں میں پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی نے (بقیہ نمبر 38)

لاہور: پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن پنجاب کے صدر ڈاکٹر محمد مسعود زاہد دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

خواتین مخالف غیر اخلاقی پوسٹس کیس: جسٹس جمال مندوخیل کے ریمارکس

اتنی خطرناک صورتحال ہے تو پھر بچوں کو موبائل نہیں دینا چاہیے، ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس جمال مندوخیل نے سوشل میڈیا پر خواتین کے خلاف غیر اخلاقی پوسٹس لگانے کے کیس میں ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ اتنی خطرناک صورت حال ہے تو پھر بچوں کو موبائل نہیں دینا چاہیے۔ سوشل میڈیا پر خواتین کے خلاف (بقیہ نمبر 5)

امارتی صدر نے پاکستان کے دورے کی باضابطہ ویڈیو جاری

ویڈیو متحدہ عرب امارات میں سوشل میڈیا پر تیزی سے ٹرینڈ کر رہی ہے

اسلام آباد (این ای این) متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے صدر نے پاکستان کے دورے کی باضابطہ ویڈیو جاری کر دی ہے۔ فوٹو ایڈیٹ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر شیئر کی گئی ویڈیو میں امارتی صدر کے دورہ پاکستان کے اہم لمحات اور دوطرفہ ملاقات (بقیہ نمبر 5)

ٹرک اور ٹرالر کی ٹکر، ایک شخص جاں بحق

ٹرک ڈرائیور کی غفلت سے حادثہ پیش آیا، ٹریفک پولیس

راولپنڈی: (نمائندہ عوامی للکار) ٹرک اور ٹرالر کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ ٹریفک پولیس کے مطابق ٹرک ڈرائیور کی غفلت سے حادثہ پیش آیا، ٹریفک پولیس نے مقدمہ درج کر ل

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی رائے سے صاف ستھری
وقار، انصاف، ترقی، خدمت، ایمانداری، غیر جانبداری، عوامی مفاد

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سیاسی مفاہمت اور قومی مفاد

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اتوار کے روز لاڑکانہ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے مصالحتی سیاست کی اہمیت کو اجاگر کیا اور حزب اختلاف کی جماعتوں کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کا مشورہ دیا۔ ایک روز قبل شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی برسی کے موقع پر بھی پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے سیاسی قوتوں کو ذمہ دار سیاسی راستہ اختیار کرنے کی جانب متوجہ کیا اور کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کو ذمہ دار سیاست کرنی چاہیے اور حکومتی جماعتوں کو بھی قومی مفاد میں سوچنا چاہیے۔ بلاول بھٹو نے بڑی پتے کی بات کی کہ پاکستان سیاسی بحران کو حل کیے بغیر معاشی بحران پر قابو نہیں پا سکتا۔ سیاسی رہنماؤں کی مفاہمتی سوچ ملکی سیاست میں خوش آئند تبدیلی ہے۔ اگر پرنٹ کی اوقات اس سوچ کا عملی اطلاق نہیں دکھائی نہیں دیتا اور ایسی کوئی پیشرفت زمین پر نظر نہیں آرہی جسے سیاسی مکالمے کا نقطہ آغاز قرار دیا جا سکے' مگر ملکی سیاست حالیہ برسوں میں کسی کشیدگی اور تلخی میں مبتلا رہی ہے' ایسے میں یہ زبانی اظہار بھی غنیمت ہے۔

اسے راکھ میں دبی چنگاری کہا جا سکتا ہے' جس سے ملکی سیاست کے برف آلودہ ماحول میں گرمجوشی کا امکان پیدا کیا جا سکتا۔ یہ کام قومی مفاد میں وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ سیاسی آویزش اور ٹکراؤ کا ماحول اچھے تعلقات کار میں تبدیل کیا جا سکے۔ سیاسی رہنماؤں کے دلوں میں مفاہمت کا خیال پیدا ہونا ایک بڑی تبدیلی ہے' مگر اس سے آگے ہر فریق کو پیشرفت دکھانا ہوگی۔ ابھی تک ایسا کچھ قابل ذکر دکھائی نہیں دیا۔ وزیراعظم نے بات چیت کی دعوت دی اور حزب اختلاف کے اتحاد نے بات چیت پر آمادگی کا اظہار کیا' تاہم حزب اختلاف کی بڑی جماعت پی ٹی آئی اور حکومتی جماعت مسلم لیگ (ن) کے مابین جنگ بندی کے آثار نظر نہیں آتے۔ اس دوران جب مکالمے پر زور دیا جا رہا تھا' پی ٹی آئی کی جانب سے عوامی رابطہ مہم' وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا دورۂ لاہور اور اس دوران ہونے والی بدمزگی سے مفاہمت کی کسی کوشش کا امکان مزید دھندلا گیا۔ سیاسی جماعتوں کو ادراک ہونا چاہیے کہ بات چیت اس وقت بھی فریقین کی ضرورت ہے مگر اس کیلئے زمین ہموار کرنا ایک دشوار کام ہے۔ سیاسی جماعتوں کو اتفاق کرنا چاہیے کہ قومی سیاسی منظرنامے پر اس وقت ایسی شخصیات کا کال پڑا ہے جو ہر فریق کیلئے یکساں قابل قبول ہوں۔ ماضی میں ایسی شخصیات ملکی سیاست اور جمہوریت کی خاطر بروئے کار آتی رہی ہیں مگر آج کے حالات میں ایسے کسی کردار کو تلاش کرنا مشکل امر اس لیے جو بھی کرنا ہے ہمارے انہی رہنماؤں نے کرنا ہے جن کے کندھوں پر سیاسی جماعتوں کی ذمہ داریاں ہیں۔ ان ذمہ داریوں کا تقاضا بھی یہی ہے کہ سیاسی رہنما سنجیدگی اختیار کریں۔

غریب کی جیب۔ ریاست کی تجوری۔ یہ کیسا انصاف ہے؟؟

تحریر: خورشید شہزاد

پنجاب میں آج اگر کسی جرم کی سزا سب سے زیادہ تکلیف ہے تو وہ غریب ہونا ہے' کیونکہ یہاں قانون کتاب میں نہیں بلکہ سڑک پر لاگو ہوتا ہے اور وہ بھی صرف اس پر جس کی جیب خالی اور آواز کمزور ہو۔ میرے شہر مڑ سیدان شاہ میں پیش آنے والا واقعہ کسی ایک بدقسمت ڈرائیور کی کہانی نہیں بلکہ پورے نظام کی وہ اجتماعی تصویر ہے جس میں انسان کی حیثیت ثانوی اور رسید کی اہمیت اوّل ہو جاتی ہے' بارہ ہزار کی معمولی بتنگ پر آنے والا اے پی وی ڈرائیور شب بھر پوٹھی کے چکروں میں پھنسا رہا' اپنی سواری منع پوٹھی لنا بیٹھتا رہا' نتیجہ یہ نکلا ہے کہ پچھلی روڈ پر پیٹرول ختم ہونے خیال دار ہے کہ پچھلا روڈ پر پیٹرول ختم ہونے کا خیال دار ہے۔ اس لیے ریاست کہیں دکھائی نہیں دیتی البتہ قریب ہڑول پمپ والا وہ کام کر جاتے ہیں جو ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے' انسانیت کا مظاہرہ کرتے ہیں' زبردستی ایک ہزار کا پیٹرول ڈلوا تے ہیں تاکہ گاڑی اپنی منزل تک پہنچ سکے اور اگلے دن وہی ڈرائیور خودداری کی اعلیٰ مثال قائم کرتے ہوئے رقم واپس ادا کر دیتا ہے' مگر سوال یہ ہے کہ جب ایک غریب انسان اپنی عزت اور اصول بچا سکتا ہے تو ایک پوری ریاست کا ضمیر کیوں سویا رہتا ہے' یہ واقعہ اس بس منظر میں دیکھنا چاہیے جہاں روزگار ناپید ہے انڈسٹری شب پڑی ہے' فیکٹریوں کی چمنیاں بجھ گئی ہیں' ہر منہ ہاتھ خالی ہیں اور بیماری دار سے لے کر چھوٹا تا جر تک بمشکل دو وقت کی روٹی پوری کرنے کی جدوجہد میں ہے' اس پر مستزاد بجلی اور گیس کے بلوں نے ناقابل فہم ہی سوا کر دئے زائد جرمانے اس حقیقت کی گواہی ہیں کہ یہاں اصلاح نہیں بلکہ وصولی اولین ہدف بن چکی ہے اور وصولی بھی وہاں سے جہاں مزاحمت کی سکت نہیں' اگر سیت واقعی ٹریفک نظم و ضبط بہتر بنانا ہوتی تو دنیا کے مہذب معاشروں کی طرح اصلاحی ماڈل اپنایا جاتا' بھیلی پر حسیب دوسری بار مرغی جرمانہ اور چالان بار بار بجلی' بہکی ملک طرح ہو تو پہلے بیلٹ خریدا کر دستاویزات دی جاتیں اور اٹھ ٹیکٹر نہ ہوں تو گلو کر لا نے کی مہلت مل جاتی مگر یہاں قانون تربیت کا آلہ نہیں بلکہ خوف کی لاٹھی بن چکا ہے' ٹریفک اہلکار اپنی جگہ ایک جگی میں مل رہے ہیں وہ موبائل پر جرمانوں کی شیڈیول دکھا کر کہتے ہیں ہمارے ہاتھ بندھے ہیں چھوٹی خلاف ورزی پندرہ ہزار اور موٹر سائیکل کے تین چار سو روپے کے اشارے پر بھی دو ہزار' یوں ریاست اپنی ذمہ داری نچلے درجے پر منتقل کر کے بری الذمہ ہو جاتی ہے اور شہری اور اہلکار آمنے سامنے کھڑے کر دیے جاتے ہیں' اس عمل میں بدعنوانیاں بھی وصول ہوتی ہیں اور ریاست پر اعتماد بھی ریزہ ریزہ ہو جاتا ہے کیونکہ جب قانون انصاف کے بجائے خوف کی علامت بن جائے تو شہری اسے محافظ نہیں دشمن سمجھنے لگتا ہے' تصویر کا دوسرا رخ یہ ہے کہ اشرافیہ اپنی سات سات حفلیں سنوارنے کے منصوبے بناتی ہے' دولت اور ٹیکسوں کی دوسرے ممالک منتقل کرتی ہے' لیکن بھی وہاں اداکرتی ہے جبکہ اپنے ہی ملک میں کاروبار کو فروغ دینے' صنعت لگانے اور روزگار پیدا کرنے کی تجویز کوشش دکھائی نہیں دیتی' کرپشن ختم ہونے کا نام نہیں لیتی اور اس کا سب سے بڑا بوجھ ہمیشہ عام آدمی اٹھاتا ہے جو ٹیکس بچا سکتا ہے جو ترانے سے بچنے کے راستے جانتا ہے' بڑے مگر مچھ قانون کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر نکل جاتے ہیں جبکہ کمزور کے لیے قانون آہنی شکنجہ بن جاتا ہے' یہی طبقاتی انصاف وہ ویک ہے جو ریاستوں کو اندر اور ذرا سی کی وہ جائے تو قانون پوری قوت سے ٹوٹ پڑتا ہے' ضلع پکھال میں ایک ماہ میں سوا کروڑ سے زائد جرمانے اس حقیقت کی گواہی ہیں کہ یہاں اصلاح نہیں بلکہ وصولی اولین ہدف بن چکی ہے اور وصولی بھی وہاں سے جہاں مزاحمت کی سکت نہیں' اگر سیت واقعی ٹریفک نظم و ضبط بہتر بنانا ہوتی تو دنیا کے مہذب معاشروں کی طرح اصلاحی ماڈل اپنایا جاتا' بھیلی پر حسیب دوسری بار مرغی جرمانہ اور چالان بار بار بجلی' بہکی ملک طرح ہو تو پہلے بیلٹ خریدا کر دستاویزات دی جاتیں اور اٹھ ٹیکٹر نہ ہوں تو گلو کر لا نے کی مہلت مل جاتی مگر یہاں قانون تربیت کا آلہ نہیں بلکہ خوف کی لاٹھی بن چکا ہے' ٹریفک اہلکار اپنی جگہ ایک جگی میں مل رہے ہیں وہ موبائل پر جرمانوں کی شیڈیول دکھا کر کہتے ہیں ہمارے ہاتھ بندھے ہیں چھوٹی خلاف ورزی پندرہ ہزار اور موٹر سائیکل کے تین چار سو روپے کے اشارے پر بھی دو ہزار' یوں ریاست اپنی ذمہ داری نچلے درجے پر منتقل کر کے بری الذمہ ہو جاتی ہے اور شہری اور اہلکار آمنے سامنے کھڑے کر دیے جاتے ہیں' اس عمل میں بدعنوانیاں بھی وصول ہوتی ہیں اور ریاست پر اعتماد بھی ریزہ ریزہ ہو جاتا ہے کیونکہ جب قانون انصاف کے بجائے خوف کی علامت بن جائے تو شہری اسے محافظ نہیں دشمن سمجھنے لگتا ہے' تصویر کا دوسرا رخ یہ ہے کہ اشرافیہ اپنی سات سات حفلیں سنوارنے کے منصوبے بناتی ہے' دولت اور ٹیکسوں کی دوسرے ممالک منتقل کرتی ہے' لیکن بھی وہاں اداکرتی ہے جبکہ اپنے ہی ملک میں کاروبار کو فروغ دینے' صنعت لگانے اور روزگار پیدا کرنے کی تجویز کوشش دکھائی نہیں دیتی' کرپشن ختم ہونے کا نام نہیں لیتی اور اس کا سب سے بڑا بوجھ ہمیشہ عام آدمی اٹھاتا ہے جو ٹیکس بچا سکتا ہے' بڑے مگر مچھ قانون کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر نکل جاتے ہیں جبکہ کمزور کے لیے قانون آہنی شکنجہ بن جاتا ہے' یہی طبقاتی انصاف وہ ویک ہے جو ریاستوں کو اندر

لوٹ مار



بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.com

میرے پیچھے پڑا ہوا تھا کہ اس کے جانے والے حاجی صاحب میں بہت نیک بیں کی حج اور بے شمار عمرے کر چکے ہیں اللہ نے بہت رزق دیا رکھا ہے تاکہ میں کچھ بہتر کر سکے میں آج کل اپنے بیٹے کے ہاتھوں بہت تنگ آ چکے ہیں بیٹے کے سدھار کے لیے آپ سے ملنا چاہتے ہیں دوبارہ مجھ سے ملنے میرے گھر آ چکے ہیں لیکن میری ملاقات نہیں ہوئی میں نے حاجی صاحب کو آپ کے بارے میں بتایا تو وہ دوبارہ آپ کے گھر بھی گئے لیکن ملاقات نہیں ہوئی ایک بار دفتر بھی گئے لیکن لوگوں کا ہجوم دیکھ کر چلے گئے اب میرے پیچھے پڑ گئے ہیں کہ کسی طرح آپ کا بار پروفیسر صاحب کو میرے دفتر لے کر آؤں میں چار سے نہ لگے کہا تو شروع میں تو میں نے انکار کر دیا لیکن اس کے بار بار کہنے پر میں آج ساتھ چلا آیا یہاں آنے کی وجہ یہ تھی کہ بقول اس کے حاجی صاحب کی خواہش ہے کہ میں گناہ گاروں کے دفتر میں تشریف لائیں اور برکت کے لیے جگہ حقیقت یہ تھی کہ حاجی صاحب کا دفتر شاگرد ہے جہاں پر وہ اپنے شاگردوں کو یہ میزانی چرب زبانی سے آنے والے معصوم لوگوں کے خوابوں سے کھیلتے ہیں یہ ان باتوں کا پتا بعد میں چلا اب میں اور میرا دوست حاجی صاحب کے سامنے بیٹھے تھے۔ حاجی صاحب اپنے رویے اور میزانی سے اپنی چرب زبانی سے ہمارے ذہن میں اس کا فون حاجی صاحب تکم کر یں آپ نے کس لیے مجھ کو چیز کیساں طلب کیا تو اچانک حاجی صاحب اٹھ کھڑے ہوئے اور بولے پروفیسر صاحب یہ دنیا داری تو چلتی رہے گی نماز کا وقت ہے آئیں

کرشماتی اثرات سے واقف نہیں ہیں اب ہم خوشبودار خالص شہد اور جڑی بوٹیوں والے قہوے کے ساتھ مجھ و امیر مبرم گھبروں کے ساتھ ذائقوں کی دنیا دیا ہے متعارف ہونے لگے گھبروں میں واقعی بہت لذیذ صحت مند بھری تھیں ہر گھبر اپنا ہی الگ ذائقہ شوشیو رکھتی تھی حاجی صاحب کی کرشمات واقعی لاجواب تھی اس دوران حاجی صاحب نے اپنی میزبانی اور دوران حاجی صاحب نے اپنی دراز کھول کر شیشے کے ڈبے کو سامنے رکھ کر اس کا ڈھکن کھول دیا جس میں کاغذ بری کے ترتیب سے جڑے کڑے رہے آپ حاجی صاحب نے طعام کو ہر بوتی کے ہاتھ کا جو بوتی کے ساتھ کھانے لگا تو حاجی صاحب نے شیشے کا چھوٹا سا جار آگے سرکایا جس میں کالا سرمہ رنگ کا چھوٹا سا پھوہ دکھا ہوا تھا حاجی صاحب بولے یہ شہد بھی وادی سوات سے خاص طور پر منگوایا گیا ہے جو جسم کے ہر بال سے بیماری نکال کر انسان کو جوان زندہ اور تازہ دم کر دیتا ہے یہ شہد موسیاریوں کے ہاں علاج کے پھوہ پیچھے پھر کر قہوے کے کپ میں ڈال کر اس کو تابعداری سے ہلاتے ہوئے بولے جناب یہ خاص طور پر آپ کے لیے نکالا ہے خاص شہد خاص لوگوں کے لیے ہے۔ عام لوگ اس کے

فرمائیں آب زم زم کا ستنے ہی میزی گوں میں حقیقت کے جذبات دوڑنے لگے۔ میں نے میں جیسے ہی حاجی صاحب کے دفتر میں داخل ہوا وہ سفید لٹھے کے تاج سر پر سبز موتیوں سے سجی سنہری ٹوپی چہرے پر چاندی کی طرح سفید داڑھی چہرے پر جلالی خوشنما کی مسکراہٹ سجائے اپنی کرسی سے اٹھ کر گرم جوشی سے میری طرف بڑھے۔ گرم جوشی سے شخص کا لر کے چوما پھر اپنی جیب سے عطر کی خوشبو سے چھوٹی سی شیشی نکال کر میرے ہاتھ پر عطر لگا کر مجھے معطر کیا پھر میری راہنمائی کرتے ہوئے مجھے اپنی میز کے سامنے آرام دہ ہنگی کرسی پر بٹھا کر پھر دل آویز بیار بھری مسکراہٹ سے میری طرف دیکھا اور جا کر اپنی کرسی پر بیٹھ گئے۔ حاجی صاحب اپنے شاندار ملازمت روپے سے بھرپور تاثر چھوڑنے میں کامیاب ہو چکے تھے اپنے اس تاثر کے سلسلے کو دراز کرتے ہوئے شاندار صحت مند لفت سے بھرپور سعودی عرب کی مجدہ امیر مبرم شہری کھبروں کی بھری ہوئی پیک دار طشتری میرے سامنے رکھتے ہوئے بولے جناب آپ کے لیے خاص طور پر سعودی عرب سے منگوائی ہیں اس کے ساتھ ہی چھوٹے سے بلوری جام نما شیشے کے گلاس میں آب زم زم انڈیلا بھرپور مسکراہٹ شہد جیسے میٹھے لہجے جناب آپ کے لیے آب زم زم حاضر ہے اس کو اٹھ کر قبلہ شریف کی طرف منہ کر کے فوش

شوبز SHOWBIZ

اداکارہ مہر پانو نے شادی ختم ہونے کی تصدیق کر دی

مہر پانو اور شاہ رخ کاظم علی کی شادی 2022 میں ہوئی

کراچی (آئی آئی پی) پاکستانی اداکارہ مہر پانو نے بالآخر اپنی ازدواجی زندگی کے متعلق گردش کرنے والی افواہوں پر خاموشی توڑتے ہوئے واضح کر دیا ہے کہ وہ اس وقت شادی شدہ نہیں ہیں۔ مہر پانو اور شاہ رخ کاظم علی کی شادی 2022 میں ہوئی تھی، مہر پانو ایک باصلاحیت اور جرات مند پاکستانی اداکارہ ہیں، جو ڈراموں اور فلموں میں اپنے بے خوف کرداروں کی وجہ سے پہچانی جاتی ہیں۔ یہ انکشاف انہوں نے انسٹاگرام پر ایک سوال و جواب (Q&A) سیشن کے دوران کیا، جہاں ایک مداح نے ان سے سوال کیا کہ کیا آپ شادی شدہ ہیں؟

آمنہ ملک کی عمران خان کی سابقہ اہلیہ ریحام خان پر تنقید

اگر عمران خان دوبارہ شادی کریں تو میں انہیں جمائما خان کے ساتھ کیننڈ پینڈ کروں گی

سے ٹیلی انڈسٹری سے وابستہ ہیں۔ حال ہی میں ایف ایچ ایم پاکستان میں بطور مہمان شریک ہوئیں جہاں انہوں نے عمل کو متعلقہ موضوعات پر بات کی۔ آمنہ ملک اس وقت اپنا بارنگ جو بھی ہوسٹ کر رہی ہیں جبکہ اداکاری کے میدان میں بھی انہوں نے کامیاب ڈراموں میں اپنا لوہا منوایا ہے۔ پوڈکاسٹ کے دوران آمنہ ملک نے ہالی پی ٹی آئی سے متعلق اپنے پرانے بیان کی وضاحت کی۔ انہوں نے کہا کہ اگر عمران خان دوبارہ شادی کریں تو میں انہیں جمائما خان کے ساتھ کیننڈ پینڈ کروں گی کیونکہ جمائما نہایت مہذب اور باوقار خاتون ہیں۔ آمنہ کے مطابق جمائما خان نے اپنے ماضی کے حصے سے متعلق ہمیشہ عزت اور وقار کا مظاہرہ کیا ہے، جو قابل تعریف ہے۔ جب میزبان نے ریحام خان سے متعلق سوال کیا تو انہوں نے آمنہ ملک سے نمبر مورکے سے کریز کیا تاہم جذبات انہوں نے واضح انداز میں کہا کہ میرے نزدیک ریحام خان کا رویہ جذبہ بیمار رہا۔

پاکستانی عوام اپنے ڈراموں پر فخر محسوس کرتی ہے، فیصل قریشی

تنقید ہونی چاہیے جس کی وجہ سے تکنیکی چیزوں میں بہتری آتی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان کے نامور سینئر اداکار فیصل قریشی اپنی ہی انڈسٹری کے چند فنکاروں سے ناخوش نظر آتے ہیں۔ فیصل قریشی نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں اس بات کا اظہار کیا کہ اپنی انڈسٹری کے چند فنکاروں سے شکوہ کرتے ہوئے شکوہ بھی کیا۔ اداکار نے کہا کہ پاکستانی عوام اپنے ڈراموں پر فخر محسوس کرتی ہے، دوسرے ممالک کے لوگ بھی ہم سے اتنی محبت کرتے ہیں جتنے کہ پاکستانی کھتر کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے کہا کہ ہمیں ایک نیا ملی نقطہ سے علاوہ ہمارے ڈراسے کی تعریف کر رہا تھا، اسی طرح بنگلا دیش، بھارت اور ترکیہ سمیت دیگر ممالک میں بھی پاکستانی ڈراموں کو پسند کیا جا رہا ہے۔ سینئر اداکار نے شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ کہ دنیا میں ہمارے ڈراموں کو پسند کیا جا رہا ہے لیکن پاکستان میں لوگ ڈراموں کے ساتھ ٹھیک نہیں کر رہے۔ فیصل قریشی نے ایک ٹی وی شو سے نظر ہوئے اور پروگرام میں شریک سینئر اداکاروں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ تنقید ہونی چاہیے جس کی وجہ سے تکنیکی چیزوں میں بہتری آتی ہے جس کی وجہ سے ہی پاکستانی ڈراموں کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے شکوہ بھی کیا۔ اداکار نے کہا

نعیمہ بٹ کی ریمپ واک تنقید کی زد میں آ گئی

نعیمہ بٹ نے شوبز انڈسٹری میں کیمرہ منفرد کام کے ذریعے اپنی شناخت بنائی ہے

کراچی (سی ایم لنکس) فیشن شو میں پاکستانی اداکارہ نعیمہ بٹ کی ریمپ واک تنقید کی زد میں آ گئی۔ اداکارہ نعیمہ بٹ نے شوبز انڈسٹری میں کم کیمرہ منفرد کام کے ذریعے اپنی شناخت بنائی ہے، وہ ڈرامہ سیریل میں کم کیمرہ کم نمبر رباب کے کردار سے گھر گھر پہچانی گئیں، جبکہ وہ مختلف کرداروں میں بھی اپنی اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں۔ اس کے علاوہ وہ شان شاہد کی آنے والی فلم تلھا میں بھی نظر آئیں گی، حال ہی میں نعیمہ بٹ نے برائیڈل کیوٹر ویک (B C W) میں بطور سلیبریٹی شاہ شرکت کی۔

کیا گوندا بلاک بسٹر ہالی ووڈ فلم اداکار میں جلوہ گر ہوں گے؟

بعض کلپس میں انہیں اپنے مشہور مکالمے بولتے ہوئے پیش کیا گیا



ممبئی (سی ایم لنکس) فلم اوتار: فائر اینڈ ایش کی ریلیز کے بعد انٹرنیٹ پر ویڈیوز اور تصاویر تیزی سے وائرل ہو گئیں جن میں ہالی ووڈ اداکار گووندا کو نئے رنگ کے ہاؤی کردار میں دکھایا گیا۔ بعض کلپس میں انہیں اپنے مشہور مکالمے بولتے ہوئے پیش کیا گیا، جبکہ کچھ مناظر میں یہ تصور کیا گیا کہ وہ ڈیپ کیل کے ساتھ اسکرین شیئر کر رہے ہیں۔ ایک وائرل تصویر میں گووندا کو رنگ برنگی گھونگی جیکٹ پہنے بھی دکھایا گیا۔ یہ تمام مواد حقیقت پر مبنی نہیں بلکہ مصنوعی ذہانت کے ذریعے تیار کیا گیا ہے، جس کا مقصد محض تفریح اور توجہ حاصل کرنا ہے۔ تاہم، ان ویڈیوز نے پرانی یادوں اور مزاح کے امتزاج سے لوگوں کو الجھا دیا ہے۔ اسے گووندا کے ایک پرانے اسٹوریو سے جوڑا جا رہا ہے۔

صبا قمر کی بولڈ انداز میں ریہرسل، صارفین کی تنقید

سٹیج ریہرسل کی ویڈیو میں وہ انتہائی چست لباس پہنے واک کرتی نظر آئیں

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ صبا قمر اپنی جاندار اداکاری کے لیے جانی جاتی ہیں لیکن وہ اپنے بے باک انداز کی بدولت اکثر شدید تنقید کی زد میں رہتی ہیں۔ حالیہ ویڈیوز میں، باقی، بے شرم، تیج، ڈائجسٹ رائٹر اور فراڈ جیسے خصوصیت فعیل ڈراموں میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھانے والی صبا قمر حال ہی میں برائیڈل کوچر ویک میں ریمپ پر واک کرتی نظر آئیں، صبا قمر کے انداز کو مداحوں نے خوب سراہا اور ان کی تعریف کرتے نظر آئے۔ تاہم اپنی برائیڈل کوچر ویک کے دوران صبا قمر کی ایک ریہرسل کی ایک ویڈیو وائرل ہوئی۔

عینی طاہرہ کے نئے گانے "راجپوتاں دی تی آں" نے دھوم مچا دی

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ عینی طاہرہ کے حال ہی میں ریلیز ہونے والے پروگرام میں "راجپوتاں دی تی آں" نے سوشل میڈیا پر دھوم مچا دی۔ خوبصورت شاعری اور میوزک کی وجہ سے گانے کو بے حد پذیرائی مل رہی ہے۔ گلوکارہ کے مطابق اس گانے کو سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر لاکھوں لوگ سن چکے ہیں جس سے میرا حوصلہ مزید بڑھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2026 کے لئے بھی منصوبہ بندی کر رہی ہوں اور اب کی ذات کو منظور ہوا تو نئے سال میں بھی اپنے پرستاروں کے لئے اسی طرز پر ہی پراجیکٹ لاؤں گی۔

SPORTS سپورٹس

مونا خان نے لندن میراتھن میں گنیز ورلڈ ریکارڈ قائم کر دیا

مونا خان نے 42.2 کلومیٹر کا فاصلہ متروہ وقت میں طے کر کے پاکستان کا نام دنیا میں روشن کیا

لندن (این این آئی) پاکستان کیلئے باعث فخر اور وطن عزیز کی بیٹی مونا خان نے لندن میراتھن ریس میں "گنیز ورلڈ ریکارڈ" حاصل کر لیا۔ خاتون صحافی مونا خان نے 42.2 کلومیٹر کا فاصلہ متعررہ وقت میں طے کر کے پاکستان کا نام دنیا میں روشن کیا۔ پاکستان کی بیٹی مونا خان نے تاریخی کامیابی حاصل کر کے یہ ثابت کر دیا کہ پاکستانی خواتین بھی عالمی سطح پر کسی سے کم نہیں۔ مونا خان نے خاتون ہو کر عزم و ہمت اور محنت کی عظیم مثال قائم کر دی۔ لندن میراتھن ریس میں مونا خان نے تاریخ بنا دی، پرچم اتھا کر بھارتی ریسر کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ مونا خان کی کہانی پاکستانی خواتین کی ناقابل شکست ہمت کی عکاس ہے، ایسی تاریخی فتح نے خاتون ہو کر ثابت کر دیا کہ پاکستانی خواتین کسی بھی میدان میں اپنے حریف کو مات دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔

پاکستان کرکٹ ٹیم میں پسندیدہ کھلاڑی بابر اعظم ہیں، سمیر منہاس

جیت کا کریڈٹ میں اپنے کوچ کو دوں گا جنہوں نے کافی مدد کی، انٹرویو

ٹیم کے دوران بھارتی ٹیم کے کھلاڑیوں کا رویہ مناسب نہ تھا، کیلن کے دوران انہیں میں تمام کھلاڑیوں کو ایک دوسرے کی عزت کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا میزبان قوانین کیا ناقابل بالکل بامناسب

لقیہ 1

ریٹائرڈ جنرل راحیل قریشی اور ایڈمنسٹریٹر راولپنڈی ایمن بخاری اور ایڈمنسٹریٹر راولپنڈی ایمن بخاری نے ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 راولپنڈی کے ہیڈ کوارٹر میں ریسکیو 1122 کے نئے ایمبولینس بیڑے کو شامل کرنے کی تقریب میں شرکت کی۔ ریسکیو 1122 کے ایمبولینس بیڑے میں 20 نئی ایمبولینس شامل کی گئیں جن میں 10 ایمبولینس بیسک لائف سپورٹ اور 10 ایمبولینس ایڈوانس لائف سپورٹ ہیں۔ ریسکیو 1122 کے ایمبولینس بیڑے میں 20 نئی ایمبولینس کے شامل ہونے سے ریسکیو 1122 کی ایمرجنسی رسپانس صلاحیت میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ تقریب میں ریسکیو 1122 کے افسران اور اہلکار بھی موجود تھے۔

لقیہ 2

ایکسرے مشین کی اچھی حالت کو اور بہتر بنانے کے لئے ملازمت دینے کا اعلان کیا۔ وفاقی وزیر پٹرولیم کے ایڈوانس کے ساتھ ہی ایکسرے مشین کی خراب حالت کی رپورٹ کی تھی۔ وزیر پٹرولیم حنیف عباسی نے تقریب میں شرکت کی اور ایکسرے مشین کی خراب حالت کی رپورٹ کے بعد اس کی اطلاع کو ہی کیا کہ ایسٹ محنت کش کے ساتھ کھڑی، ویلنٹیر کے تمام اقدامات کر رہے ہیں۔

لقیہ 3

اے کے 400 کلاشنکوف اور 6 دیسی ہتھیار مکین کو پکڑ لیا گیا۔ ملزم خان پور کے تھانہ ٹیکسلا میں 300 کلاشنکوف برآمد کیں، دوسرا ملزم کو ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ہے۔ 200 کلاشنکوف اور 6 دیسی ہتھیار برآمد کیے گئے۔ ملزم کو ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ہ

ریٹائرڈ افسران کے اعزاز میں پروقار تقریب

تقریب میں ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا و دیگر افسران کی شرکت

محکمہ سے ریٹائرڈ ہونے والے افسران کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، آر پی او بابر سرفراز الپا

راولپنڈی (این این آئی) آر پی او راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا کے کرنگہ سے ریٹائرڈ ہونے والے افسران کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ریٹائرڈ ہونے والے افسران ہمارا قیمتی ریجن ہیں، آپ کے تجربے اور راہ راست پر چلنے کا سبق ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ تعلیمات کے مطابق راولپنڈی ریجن سے ریٹائرڈ ہونے والے پولیس افسران کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا ،(تیسرے نمبر 1)

راولپنڈی، 6 چینگ سپلائرز گرفتار، 900 چٹیں، 10 دوریں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 6 چینگ سپلائرز گرفتار کر کے 900 چٹیں اور 10 دوریں برآمد کر لیں۔ تعلیمات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے چینگ سپلائرز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 6 چینگ سپلائرز کو گرفتار کر لیا، چینگ سپلائرز سے 900 چٹیں اور 10 دوریں برآمد ہوئیں، مجرمان پولیس نے دو افراد کو حراست میں (تیسرے نمبر 3)

راولپنڈی، ملازمت کا جھانسہ دے کر شہری کو لوٹنے والے 4 افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے ملازمت کا جھانسہ دے کر شہری کو لوٹنے والے 4 افراد گرفتار کر لیے۔ تعلیمات کے مطابق صادق آباد پولیس کے کارروائی کرتے ہوئے 3 روز قبل ملازمت کا جھانسہ دے کر شہری کو لوٹنے والے 4 افراد کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد سے شہری سے چھنائی گئی رقم 31 ہزار روپے برآمد ہوئی۔ ایس ڈی پی او راول سعد راشد نے کہا کہ زیر حراست افراد کو تھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، شہریوں (تیسرے نمبر 4)

گھریلو جھگڑے پر باپ نے 5 بچوں سمیت 9 افراد قتل کر دیئے

سرینام: (اے ایف پی) جنوبی امریکی ملک سرینام میں باپ نے چاقو سے حملہ کر کے 5 بچوں سمیت 9 افراد کو ہلاک کر دیا جبکہ 2 شدید زخمی ہوئے۔ خبر ایجنسی کے مطابق بیوی سے جھگڑے کے بعد ملزم نے مبینہ طور پر اپنے بچوں پر حملہ کر دیا، ہلاک افراد میں بچوں کے ساتھ چار بڑی عمر کے بالغ افراد بھی شامل ہیں، ملزم نے پولیس اہلکاروں پر بھی حملے کی کوشش کی۔ پولیس (تیسرے نمبر 7)

راولپنڈی: ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں جنرل پریڈ کے دوران سلامی لیتے ہوئے

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن

جانچ پڑتال کیلئے 15 مشکوک افراد، 17 موٹر سائیکلوں، ایک گاڑی تھانے منتقل

380 افراد، 192 گھروں، پانچ ہوٹلز، 154 موٹر سائیکلوں اور 49 گاڑیوں کی چیکنگ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 15 مشکوک افراد، 17 موٹر سائیکلوں اور ایک گاڑی کو تھانے منتقل کیا جبکہ 380 افراد، 192 گھروں، پانچ ہوٹلز، 154 موٹر سائیکلوں اور 49 گاڑیوں کی چیکنگ کیا، تعلیمات کے مطابق اسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں (تیسرے نمبر 8)

بلوچستان کے ضلع پشین میں تخریب کاری کا بڑا منصوبہ ناکام

بم ڈسپوزل سکواڈ پیشہ وارانہ مہارت کے ساتھ موٹر سائیکل میں نصب بم ناکارہ بنا دیا

کوئٹہ (اے ایف پی) صوبہ بلوچستان کے ضلع پشین میں سیکورٹی فورسز کی جانب سے کی جانے والی بروقت کارروائی کے نتیجے میں تخریب کاری کا بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا گیا۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ پشین کے علاقے سرخاب چوک میں پیش آیا جہاں مامور اہلکار نے ایک موٹر سائیکل پر مشکوک مواد مشاہدہ کر کے فوراً کیا تھا، مشتبہ موٹر سائیکل کی اطلاع ملنے پر پولیس نے فوری طور پر علاقے کو محفوظ بناتے ہوئے موٹر سائیکل کو خالی کی جس کے (تیسرے نمبر 9)

لاہور میں بسنت 2026 منانے کی اجازت دے دی

جس کے لیے ڈپٹی کمشنر لاہور کی جانب سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا

لاہور: (اے ایف پی) لاہور میں بسنت 2026 منانے کی باقاعدہ اجازت دے دی گئی جس کے لیے ڈپٹی کمشنر لاہور کی جانب سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق شہر میں بسنت کے موقع پر پتنگ بازی 6، 7 اور 8 فروری 2026 کو منائی جائے گی، بسنت کے دوران صرف منظور شدہ اور معیاری پتنگ بازی کا سامان استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، پتنگ بازی کے سامان کی تیاری اور تجارت 30 دسمبر 2025 سے (تیسرے نمبر 11)

موبائلز سکواڈ کی داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ، 50 ملزمان گرفتار

26 اشتہاری ملزمان، 14 عدالتی مفرور ان، 4 عادی جرائم پیشہ افراد شامل

لاہور: (این این آئی) لاہور میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور سیکورٹی کو مزید بنانے کیلئے موبائلز سکواڈ نے شہر کے تمام داخلی و خارجی راستوں پر حفاظتی اقدامات مزید سخت کر دیئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق موبائلز سکواڈ کے کمانڈوز نے ناکہ بندی کر کے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے اعداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلے میں قلعہ گجر سنگھ، قلعہ نیز ی منڈی، قلعہ گوجر سنگھ، قلعہ گوجر سنگھ، قلعہ گوال، قلعہ لچھمن سنگھ، قلعہ لچھمن سنگھ، قلعہ لچھمن سنگھ